Downloaded From : http://cbseportal.com/

**Series : HRK/C** **SET-4**

**Code No. 5B**

**Roll No.** | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **16** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

## SUMMATIVE ASSESSMENT-II

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

وقت : 3، گھنٹے کُل نمبر : 90

*Time allowed : 3 hours]* *[Maximum marks : 90*

### حصّہ - الف

1. درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : **5**

فرانس کا ایک نوجوان جاگیردار ''کوبرتین'' تعلیم اور سیاحت کا شوقین تھا۔ اس نے کتابوں میں اولمپک کھیلوں کے بارے میں پڑھا تھا۔ وہ یونان گیا اور وہاں اولمپیا کی وادی میں اسے خیال آیا کہ اولمپک کھیل پھر سے شروع کیے جائیں لیکن کسی ایک ملک کے لیے نہیں پوری دنیا کے لیے۔ اس نے تمام بڑے ملکوں کو دعوت دی۔ انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی بنائی۔ 1896 میں نئے زمانے کے اولمپکس کی ابتدا ہوئی۔ پہلا اولمپک میلہ یونان کے شہر ایتھنز میں منعقد ہوا۔ ابتدا میں انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی کے صرف چودہ ملک ممبر تھے۔ رفتہ رفتہ ممبروں کی تعداد بڑھی 1992ء کے اولمپکس میں 140 ملکوں نے حصہ لیا۔ اولمپک کھیلوں کا انعقاد کسی شہر اور ملک کے لیے بڑی عزت کی بات ہے۔ وہ شہر پوری عالمی برادری کا میزبان ہوتا ہے۔

(i) 'کوبرتین' کہاں کا رہنے والا تھا ؟

(a) روس (b) یونان

(c) فرانس (d) جاپان



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(ii) نئے زمانے کے اولمپکس کی ابتدا کب ہوئی ؟

(a) 1796ء میں (b) 1896ء میں

(c) 1899ء میں (d) 1890ء میں

(iii) ابتدا میں انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی کے کتنے ملک ممبر تھے؟

(a) صرف دس (b) صرف گیارہ

(c) صرف چودہ (d) صرف بارہ

(iv) 1992ء کے اولمپکس میں کتنے ملکوں نے حصہ لیا ؟

(a) 150 (b) 140

(c) 130 (d) 120

(v) کسی بھی شہر اور ملک کے لیے اولمپک کھیلوں کا انعقاد کیسی بات ہے؟

(a) بڑی عزت کی (b) بڑی فکر کی

(c) بڑی شرم کی (d) بڑی عجیب

.2 درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 5

ہے کچھ دھوپ کا عکس کہسار پر
شعاعیں چمکتی ہیں اشجار پر
تری اوس کی دھوپ کھونے لگی
ہوا بھی ذرا گرم ہونے لگی
پرندے زمیں پر اترنے لگے
ہرن کھل کے جنگل میں چرنے لگے
مگر شہر میں یہ نہیں آب و تاب
کہ ہے ٹیلوں کی اوٹ میں آفتاب

(i) کہسار پر کیا ہے؟

(a) کبوتر کا عکس (b) چڑیوں کا عکس

(c) کسی عورت کا عکس (d) کچھ دھوپ کا عکس



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(ii) دھوپ کی وجہ سے ________

(a) اوس کی تری کم ہونے لگی  (b) ہوا بھی ذرا گرم ہونے لگی

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں  (d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(iii) ہرن کہاں چرنے لگے ؟

(a) جنگل میں  (b) شہر میں

(c) باغوں میں  (d) گاؤں میں

(iv) ان اشعار میں شاعر نے کس منظر کو بیان کیا ہے ؟

(a) چاند نکلنے کے منظر کو

(b) سورج غروب ہونے کے منظر کو

(c) سورج طلوع ہونے کے منظر کو

(d) ستاروں کے جھلملانے کے منظر کو

(v) شعر مکمل کیجیے :

تری اوس کی دھوپ کھونے لگی

________________

(a) بلندی پہ کچھ دھوپ آنے لگی

(b) وہ کلسوں پہ سونا چڑھانے لگی

(c) وہ کھیتوں میں چڑیا بھی آنے لگی

(d) ہوا بھی ذرا گرم ہونے لگی

3. درج ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھیے : **10**

(i) سائنس اور ہمارا معاشرہ

(ii) طلباء میں ہڑتالوں کا رجحان

(iii) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

(iv) قومی یکجہتی - آج کی اہم ضرورت



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From :http://cbseportal.com/

4. ڈائریکٹر ٹیلی ویژن کے نام خط لکھ کر مشورہ دیں کہ موٹرگاڑیوں اور موٹر سائیکل چلانے والوں کو تیز رفتار سے گاڑی چلانے اور شوروغل کے نقصانات سے آگاہ کرتے رہیں۔ 8

**یا**

اسکول کے پرنسپل کے نام وظیفہ جاری کروانے کے لیے درخواست لکھیے۔

5. (i) فعل مستقبل کیا ہے؟ تعریف لکھیے اور دو مثالیں بھی لکھیے۔ 4

(ii) اسلم پڑھ رہا تھا

میں نے خط لکھا تھا

ان جملوں میں زمانے کے لحاظ سے کون سا فعل پایا جاتا ہے؟ بتایئے اور اس کی تعریف لکھیے۔ 4

6. (i) سابقہ 'ہم' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 2

(ii) لاحقہ 'دار' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 2

7. درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے : 4

سورج - زمین - شمال - دن

8. درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے : 4

تصنیف - خط - ارواح - تصاویر

9. درج ذیل لفظوں کے مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر لکھیے : 4

گھوڑا - درزی - شاعرہ - دادی

10. درج ذیل کو جملوں میں استعمال کیجیے : 4

وفاداری - میدان چھوڑنا - روشنی - بے فکر



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From :http://cbseportal.com/

## حصہ - ب

.11 درج ذیل اقتباس کوغور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 7

رضیہ سلطان ہندوستان کی پہلی ملکہ تھی۔ جو دلی کے تخت پر بیٹھی۔ وہ دہلی کے بادشاہ التمش کی بیٹی تھی۔ اپنے بہن بھائیوں میں رضیہ سب سے زیادہ ذہین، محنتی اور ہوشیار تھی۔ باپ نے اپنی زندگی ہی میں اسے اپنا جانشین مقرر کر دیا۔ وہ جانتا تھا کہ بیٹے عیش پسند ہیں۔ بیٹی کے علاوہ کوئی اور حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس نے اپنے آخری دنوں میں چاندی کے سکے پر رضیہ کا نام بھی شامل کر لیا تھا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(a) اونتی (b) آدمی کی کہانی

(c) رضیہ سلطان (d) نئی روشنی

(ii) ہندوستان کی پہلی ملکہ جو دہلی کے تخت پر بیٹھی وہ تھی

(a) نورجہاں (b) ممتازمحل

(c) جہاں آرا (d) رضیہ سلطان

(iii) رضیہ کس کی بیٹی تھی ؟

(a) التمش کی (b) بہادرشاہ ظفر کی

(c) سلیم کی (d) ہمایوں کی

(iv) کون جانتا تھا کہ اس کے بیٹے عیش پرست ہیں ؟

(a) یاقوت (b) التمش

(c) التونیہ (d) بہرام

(v) التمش نے اپنی زندگی میں اپنا جانشین کس کو مقرر کر دیا تھا ؟

(a) رکن الدین کو (b) بہرام کو

(c) رضیہ کو (d) کاظم الدین کو

(vi) بادشاہ نے چاندی کے سکے پر کس کا نام شامل کر لیا تھا ؟

(a) اپنے بیٹے کا (b) اپنی بیٹی کا

(c) اپنی بیگم کا (d) اپنے بھائی کا



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(vii) اپنے بہن بھائیوں میں رضیہ تھی ۔

(a) سب سے زیادہ ذہین (b) سب سے زیادہ محنتی

(c) سب سے زیادہ ہوشیار (d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں

12. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب لکھیے : 7

(i) بینائی کی حفاظت کس طرح کی جا سکتی ہے ؟ سبق 'نئی روشنی' سے آپ نے کیا سیکھا ؟

(ii) سبق 'آدمی کی کہانی' کا خلاصہ لکھیے ۔

13. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے : 4

(i) سرائے والے اور مزدور میں کیا جھگڑا تھا ؟ اونتی نے سرائے والے اور مزدور کے جھگڑے کو حل کرنے کے لیے کیا دلیل دی ؟

(ii) وزیر کی بے چینی کا سبب کیا تھا ؟ اس کا ڈرائیور کیا کر رہا تھا ؟

(iii) رضیہ کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا تھا اور رضیہ نے کتنے برس حکومت کی ؟

(iv) کون لوگ سفید چھڑی رکھتے ہیں اور کیوں رکھتے ہیں ؟

14. درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 6

قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو
چلو کہ ہم کو منزلیں بلا رہی ہیں دور سے
چلو کہ سارے راستے دھلے ہوئے ہیں نور سے
چمن کھلا کھلا سا ہے
افق دُھلا دُھلا سا ہے
دیے جلاؤ راہ میں وطن کا نوسنگھار ہے
نئی نئی بہار ہے

(i) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) اے شریف انسانو (b) پہاڑ اور گلہری

(c) قدم بڑھاؤ دوستو ! (d) نیکی اور بدی



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(ii) اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) مرزا غالب (b) اقبال

(c) ساحر لدھیانوی (d) بشر نواز

(iii) دور سے کون بلا رہا ہے؟

(a) منزلیں (b) بھائی

(c) دوست (d) استاد

(iv) راستے کیسے ہیں؟

(a) دھول سے بھرے ہوئے (b) لوگوں سے بھرے ہوئے

(c) گاڑیوں سے بھرے ہوئے (d) نور سے دھلے ہوئے

(v) شاعر دوستوں سے کیا کہہ رہا ہے؟

(a) پرانی روش کو نہ چھوڑو (b) راہ میں ٹھہر جاؤ

(c) گھر میں بیٹھ جاؤ (d) قدم بڑھاؤ قدم بڑھاؤ

(vi) مصرع مکمل کیجیے:

دیے جلاؤ راہ میں __________

(a) وطن کا نوسنگھار ہے (b) تمہارا انتظار ہے

(c) کلی کلی نکھار ہے (d) تمہیں آج اختیار ہے

15. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب لکھیے: 6

(i) مرزا غالب کی شاعری پر ایک نوٹ لکھیے۔

(ii) نظم 'پہاڑ اور گلہری' میں اقبال نے کیا بیان کیا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

16. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے : 4

(i) جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے، سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟

(ii) پہاڑ نے گلہری سے ڈوب مرنے کو کیوں کہا ؟

(iii) مصرعے مکمل کیجیے :

موت کا ایک دن _______ ہے (معین / مقرر)

نیند کیوں رات بھر _______ (آتی ہے / نہیں آتی)

---



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE